# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں دوہرائی کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ • بچوں کو کتابیں دینے سے پہلے کچھ بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں۔

- کبھی کسی نے پتنگ اڑائی ہے۔ کس نے پتنگ اڑانا سکھایا۔
- پتنگ اڑانے کے لئے کیا چیزیں چاہئے ہوتی ہیں۔
- پتنگ اڑاتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔
- پتنگ اڑانے کے لئے کون سا موسم سب سے اچھا ہوتا ہے۔
- کسی کو معلوم ہے کہ دنیا میں پتنگ بنانا اور اڑانا کہاں شروع ہوا۔

بہت ممکن ہے اس سوال کا جواب بچوں کو نہیں آتا ہو۔ بچوں کو بتائیں کہ پتنگ سب سے پہلے چین میں پیغام رسانی کے لئے استعمال ہوئی۔ پتنگ بازی کے علاوہ پتنگیں کئی اور چیزوں کے لئے بھی استعمال ہوتی ہیں جیسا کہ ہوا کا رخ بتانے کے لئے، فاصلے کی پیمائش کے لئے۔

10 منٹ • بچوں کو کتابیں دیں اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کے معنی بھی سمجھائیں۔

15 منٹ • کہانی سے متعلق بچوں سے سوال جواب کریں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں۔

1) تیمور اور نادر کو پتنگ کہاں سے ملی؟
2) پتنگ کے ساتھ کیا چیزیں نہیں تھیں جو انہیں ڈھونڈنا پڑیں؟
3) ڈور ڈھونڈنے میں کمرہ کیسا ہو گیا؟
4) دونوں پتنگ اڑانے کہاں گئے؟
5) پتنگ کو آسمان پر کون کون ملا؟
6) پتنگ نیچے آتے وقت کیوں اداس تھی؟

## ہوم ورک

5 منٹ • کہانی پڑھیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • اسم متعارف کروائیں۔ آس پاس کی چیزوں کی مثال دے کر اسم کے معنی سمجھائیں۔

15 منٹ • 6 - 4 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ کہانی میں اسم الفاظ کی نشاندہی کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کی کوئی الماری ہے جس میں وہ اپنی چیزیں رکھتے ہیں۔ جب کبھی کوئی اپنی چیز نکالنی ہو تو فوراً مل جاتی ہے یا ڈھونڈنی پڑتی ہے۔ کیا وہ اپنی الماری خود صاف کرتے ہیں یا گھر میں کوئی اور یہ کام کرتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو موقع دیں کہ وہ بات چیت کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ ان کی الماری میں جو چیزیں ہیں ان کے نام اسم الفاظ ہیں۔ مثلاً:

  شرٹ، شلوار، قمیض، جوتے، کھلونے وغیرہ۔

- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں۔ اپنی الماری میں رکھی کسی بھی 5 چیزوں کے نام لکھیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • صفحہ نمبر 5 کی خوشخطی کریں۔

# سیشن 3

25 منٹ • بچوں کو تین گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کو دیئے گئے موضوعات میں سے ایک موضوع پر رول پلے کروائیں۔

1) پرندے اور پتنگ کے درمیان بات چیت جب وہ ایک درخت پر ملتے ہیں۔
2) پرندے اور پتنگ آسمان پر بادلوں میں ایک دوسرے سے مل کر کیا باتیں کرتے ہیں۔
3) پتنگ زمین پر آتی ہے تو پیڑوں پر بیٹھے پرندے اس سے کیا بات کرتے ہیں۔

15 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ نیچے دئے گئے الفاظ اور جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے جملے اپنی کوپی میں اتاریں اور خالی جگہ پر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پتنگ | چیل | پرندے | پارک | ڈور |

1) تیمور کو الماری کے اوپر سے ____________ ملی۔
2) نادر اور تیمور کو____________ پلنگ کے نیچے سے ملی۔
3) نادر اور تیمور پتنگ اڑانے____________ گئے۔
4) پتنگ کو آسمان پر اپنی پرانی دوست ____________ ملی۔
5) پتنگ کے سارے دوست____________ شام کو اپنے اپنے گھر چلے گئے۔

## ہوم ورک

5 منٹ • گھر سے اخبار اور 6 - 4 جھاڑو کے تنکے لائیں۔

- املا کی تیاری کریں۔

مہینوں چیزیں پتنگ پھل ہٹائیں باندھ پہنچ کھینچنا آہستہ پھنس

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 میں پتنگ بنوانے کا کام کروائیں۔ کچھ اخبار اور جھاڑو کے تنکوں کا بھی انتظام کرلیں۔

# سیشن 4

- 15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ دئے گئے الفاظ کا املا کروائیں۔ بچوں سے کوپی لے لیں۔ بعد میں بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- 30 منٹ • صفحہ نمبر 7 - 6 پر دئے گئے طریقے کی مدد سے بچوں سے پتنگ بنوائیں۔ پتنگ بنوانے کے بعد انہیں کلاس میں رکھ لیں۔ سیشن 6 میں پتنگ اڑانے کی ایکٹیویٹی ہو گی۔

# سیشن 5

- 20 منٹ • بھاری الفاظ پر کام کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ بھاری الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن میں ' ھ ' استعمال ہوتی ہے ۔ بچے اپنی کتابیں نکالیں اور کہانی میں سے بھاری الفاظ پہچانیں۔ ہر بچہ ایک لفظ جس میں ' ھ ' استعمال ہوئی ہے بتائے۔
- 20 منٹ • بورڈ پر بھاری الفاظ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں اور دئے گئے الفاظ سے جملے بنائیں۔
  دیکھ بھال　بھی　پھل　باندھ

**ہوم ورک**

- 5 منٹ • کہانی سے بھاری الفاظ ڈھونڈ کر لکھیں۔

# سیشن 6

- 5 منٹ • بچوں کو صفت کے بارے میں بتائیں کہ صفت وہ الفاظ ہیں جو کسی اسم کے بارے میں بتاتے ہیں۔ بچوں کو چند جملوں کی مدد سے صفت سمجھائیں۔ مثلاً:
  - میری گائے موٹی ہے۔
  - ابو کی گھڑی چھوٹی ہے۔
  - سبز پتنگ میں لال ڈور ہے۔

**10 منٹ** • بچوں کو ان کی بنائی ہوئی پتنگ دیں۔ بچے اپنی پتنگ کے بارے میں 3 جملے لکھیں۔ ہر جملے میں صفت کا استعمال کریں۔

**30 منٹ** • بچوں کو کلاس سے باہر لائیں۔ پتنگ اڑانے کی ایکٹیویٹی کروائیں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

## پتنگ بنانے کا طریقہ


**اشیا :**

- اخبار کا ایک صفحہ، قینچی، ٹیپ، جھاڑو کے 2 تنکے، پتنگ کی ڈور ۔


**طریقہ :**

1) اخبار کا ایک صفحہ لیں۔ صفحے کو عمودی (vertical) رکھیں۔
2) کونے A کو پکڑ کر دوسرے کونے D سے ملائیں۔ آپ کو ایک تکون کی شکل مل جائے گی۔
3) تکون حصہ کاٹ کر الگ کرلیں۔
4) جب آپ اپنا تکون کھولیں گے تو آپ کو ایک چوکور ملے گا۔
5) ایک جھاڑو کے تنکے کو ٹیپ کی مدد سے A اور D کے درمیان جگہ جگہ چپکا دیں۔ (اضافی تنکے کو کاٹ دیں)۔
6) دوسرا جھاڑو کا تنکا لیں اور کمان کی طرح موڑ کر B اور C پر چپکا دیں۔ (اضافی تنکے کو کاٹ دیں)۔
7) اخبار کے دو چھوٹے چوکور ٹکڑے کاٹیں (اندازاً 3 انچ)۔ ان کو پتنگ کے کنارے D پر دونوں طرف چپکا دیں۔
8) خاکہ نمبر 8 میں دکھائے گئے طریقے سے پتنگ میں ڈور باندھ دیں۔ آپ کی پتنگ اڑنے کے لئے تیار ہے۔


1




2





3





4





5





6




7




8



# پتنگ سیر کو گئی

## ٹیچرز گائیڈ